ارجنٹ رسپانس سروس (فوری ردعمل خدمت /سروس)
Urgent Response Service (URS)

"کانٹیکٹ برانٹ" ایک ایسا ادارہ ہے جو برانٹ، ہالدیمینڈ-نارفوک، ہملٹن، مسساگا آف دی کریڈٹ فرسٹ نیشن، نایاگرا، اور سکس نیشنز آف گرینڈ ریور کی عوام کے لیے فوری ردعمل سروس کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ اونٹاریو آٹزم پروگرام میں رجسٹرڈ بچے اور نوجوان جب نئی یا بڑھتی ہوے خطرناک رویوں کا سامنا کرتے ہیں تووہ ارجنٹ رسپانس سروس (فوری ردعمل خدمت /سروس)کے لیے اہل ہوتے ہیں۔ ہمارے ارجنٹ رسپانس سروس (فوری ردعمل خدمت /سروس) کے نمایندے خاندان اور کمیونٹی سروسز کے ساتھ مل کر مختصر مدتی خدمات تشکیل دیتے ہیں تاکہ شناخت کردہ خطرناک رویوں کے لئے فوراً جواب دیا جا سکے اور بچے/نوجوان، دوسروں کو نقصان سے بچایا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ارجنٹ رسپانس سروس (فوری ردعمل خدمت /سروس) کوئی بحرانی خدمت نہیں ہے۔

مندرجہ ذیل خدمات کی اقسام شامل ہوسکتی ہیں:

- بین الضابطہ مشاورت مختلف پیشہ ورانہ (جیسے بول چال کے ماہر، عوامی صحت کار، اور سماجی کارکن) کی طرف سے کچھ وقت کی خدمات ہیں جو (فوری ردعمل خدمت /سروس)کے حمایتی/ سپورٹ منصوبہ میں معلومات فراہم کرنے کے لئے ہوتی ہیں، انٹرڈسپلنری مشاورت کو مختصر مدتی خدمات کہا جاتا ہے۔
- بچے/نوجوان کے ساتھ رویہ، علاج کے منصوبےکو لاگو کرنے کیلئے انہیں براہِ راست مدد فراہم کی جاتی ہے، جہاں ماں باپ کو بھی تربیت دی جاتی ہے۔ براہِ راست مدد عموماً گھر میں ہوتی ہیں۔
- خدمت/سروس کے دوران آرام کی سہولت دستیاب ہوسکتی ہے۔
- فوری ردعمل خدمت کے نمایندے سروس /خدمت کے دوران اور ختم ہونے پر رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اس میں کمیونٹی کے وسائل اور پروگرام سے رابطے، فوری ردعمل خدمت کا منصوبہ بنانا، اور تمام سروس/خدمات کی تعاون میں مدد کرنا شامل ہوتا ہے۔
- فوری ردعمل خدمت کی سپورٹ/ نمایندے اپنے زندگی کے تجربات کا استعمال کرتے ہوئے خاندانوں کو نظام کا حصہ بننے میں مدد کرتے ہیں اور والد/نگہبان کو براہِ راست مدد اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

ارجنٹ رسپانس سروس (فوری ردعمل خدمت /سروس) کی خدمات حاصل کرتے وقت کیا توقع کریں:

- فوری ردعمل خدمت/سروس کے نمایندے آپ کا اہم رابطہ ہوتا ہے اور منصوبہ بناتے ہیں جو کلینکی تجاویز /علاجی سفارشات پر مبنی ہوتا ہے، اور انہیں خدمات کی فراہمی کی ترتیب بھی کرتے ہیں۔ اس میں خاندانوں کے لیے کوئی لاگت نہیں ہوتی۔
- ایک رویوں کا ماہربچے اور اس کے خاندان کے ساتھ براہِ راست کام کرتا ہے۔ خاندان کو رویے کے ماہر کے ساتھ سرگرمی سے کام کرنے کی تیاری ہونی چاہیے تاکہ چاہے وہ فوری ردعمل خدمت کے دوران ہو یا بعد، مخصوص رویہ کو کم کیا جا سکے۔
- فوری ردعمل خدمت کے نمایندے خاندان اور متعلقہ خدمت فراہم کنندگان کے ساتھ خدمات کی نگرانی کرتے ہیں۔ جاری جائزہ کے دوران وہ مختصر مدتی معاونت کی درجہ بندی کا موازنہ کریں گے۔ اگر مقصد پہلے ہی حاصل ہو جائے، تو ہم خدمات کی منسوخی کا منصوبہ بنائیں گے۔
- خاندانوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ انٹاریو آٹزم پروگرام سے مدد حاصل کریں، جو کہ انٹاریو آٹزم پروگرام رجسٹرڈ خاندانوں کے لیے مفت دستیاب ہے
- ہفتہ بھر کی خدمات کی تعداد کا انحصار طبی منصوبے، خاندان اور خدمات کی فراہم کنندگان کی دستیابی پر ہوگا۔
- خاندان کی ترجیحات کو خدمات کے وقت کے لحاظ سے مد نظر رکھا جائے گا، لیکن مشاورت/ سیشنز خدمات فراہم کنندہ کی دستیابی کے مطابق دن کے وقت میں بھی ہوسکتے ہیں۔
- براہ کرم نوٹ کریں کہ کانٹیکٹ برانٹ سے رابطہ کے لیے 24 گھنٹے سے کم وقت کی منسوخ شدہ مشاورت /سیشنز کے لیے فیس وصول ہوگی، اور یہ منسوخ شدہ سیشنز فوری رد عمل خدمات کی مدت اور مخصوص فوری خدمات کی وقت کی مدت میں شامل ہوں گے۔

Contact BRANT — Start Here — Your Path to Children's Services

519-758-8228 or 1-877-613-3422